# کاروبار کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

Te Korowai Whetū
Social Cohesion

## Social Cohesion Guide

کاروبار

## کاروبار میں اپنائیت

کاروبار social cohesion پیدا کرنے، لوگوں کو اپنائیت کا احساس دلانے، انہیں معاملات میں شامل ہونے کا احساس دلانے، انہیں خود کو بدلنے کی ضرورت محسوس نہ کرنے اور معاشرے میں کردار ادا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ کاروبار ملازمت کے ضابطہ کار کے ذریعے سب کو شامل کرنے والے کام کا ایک کلچر تخلیق دیتے ہیں۔ وہ اپنے عملے کو آمدنی کی ادائیگی کرکے اور انہیں "اپنے اخراجات پورے کرنے" کے مالی دباؤ سے نجات دے کر انہیں اپنی کمیونٹیوں اور معاشروں میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کے قابل بناتے ہیں۔ شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ تنوع اور سب کی شمولیت کے معاشی فوائد ہیں جیسے کہ کام کی جگہ پر جدّت میں اضافہ۔

ہم سب مختلف ہیں لیکن ہم ساتھ مل جل کر رہنا چاہتے ہیں، اپنے تنوع کا جشن منانا چاہتے ہیں اور جب ہم اختلاف کریں تو دوسروں کا احترام کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اہم ہے کیونکہ ہر کوئی یہ محسوس نہیں کرتا کہ وہ اپنی پسند کی شناخت رکھ سکتا ہے یا ہر کسی کو یہ بھروسہ نہیں ہوتا کہ اس کی آواز سنی جائے گی۔

ہم ایک بڑھتا ہوا متنوع ملک ہیں جس میں ہمارے کاروبار بہت سی مختلف کمیونٹیوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ ہمیں ایک دوسرے کی بات سننے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے اختلافات اور مثبت خصوصیات کو سمجھنے اور اس چیز پر کام کرنے کا عہد کرنا چاہتے ہیں جو ہمیں متحد کرے اور جو ہمیں قریب لائے۔

اپنائیت

## یہ کیسی نظر آتی ہے

ایک مل جل کر رہنے والے معاشرے میں لوگ ایک دوسرے کو جانتے ہیں، اپنے پڑوسیوں کو جانتے ہیں، اپنے کام کی جگہ پر خود کو شامل محسوس کرتے ہیں، ان کے بچے خود کو اپنی کمیونٹیوں کا حصہ محسوس کرتے ہیں اور وہ یہ جانتے ہیں کہ جب انہیں ضرورت ہو تو مدد حاصل کرنے کے لئے کہاں جانا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم ان لوگوں سے بات کرنے کے قابل ہیں جن سے ہم عام طور پر بات نہیں کرتے، جب ہم لوگوں کو امتیازی باتیں کرتے ہوئے سنتے ہیں تو ہم بول اٹھتے ہیں اور ہم بلا جھجک یہ بتانے کے قابل ہوتے ہیں کہ ہم کون ہیں، ہم کہاں سے ہیں اور ہم مختلف کام کس طرح کرتے ہیں۔ بحران کے دوران ہم کسی کو تنہا نہیں چھوڑتے - ہر کوئی اپنا ہے۔

اپنائیت میں مزید بڑھوتری

# - آپ کیا کر سکتے ہیں

**چنانچہ ہم کاروباروں میں ملازمین، صارفین اور کلائنٹس کو اپنائیت محسوس کرنے، تنوّع اپنانے، حصہ لینے، دوسروں پر بھروسہ کرنے، جڑا ہوا اور باعزت محسوس کرنے میں مدد دینے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟**

## اپنائیت، دوسروں پر بھروسہ

- غور کریں کہ ملازمتوں کو متنوع گروہوں کے لئے زیادہ قابل رسائی کیسے بنایا جائے۔

— مخصوص گروہوں کے لیے کمیونٹی نیٹ ورکس، تنظیموں، ریڈیو اسٹیشنوں، پوڈ کاسٹ، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، مختلف طرح کے میڈیا اخبارات اور ٹیلی ویژن چینلز پر ملازمتوں کی تشہیر کریں

- فراہم کی جانے والی خدمات اور اشیاء کے قابل رسائی ہونے پر غور کریں۔

— اگر آپ کا کاروبار آن لائن ہے تو کیا یہ بصارت سے محروم افراد کے لئے قابل رسائی ہے؟ اگر آپ کے کاروبار میں کوئی دکان یا دفتر ہے جہاں عام عوام آتے ہیں تو کیا یہ مقام ایسے لوگوں کے لئے قابل رسائی ہے جنہیں نقل وحرکت کے مسائل ہیں؟

## تنوّع کو اپنانا، باعزت محسوس کرنا

- افرادی قوت کے تنوع کی قدر کریں اور تنوع کی حمایت میں اقدامات تخلیق دیں۔

— اپنے عملے کے لیے اہم تقریبات اور جشن کی اہمیت کو تسلیم کریں، انہیں اپنی مکمل شخصیت کو کام پر ہمراہ لانے کی ترغیب دیں اور انہیں خدمت اور اشیاہ کے ڈیزائن میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کریں

## ایک دوسرے کو جاننے میں کارکنوں کی مدد کریں (whakawhanaungatanga)۔

— ایک ٹیم کے طور پر یا ساتھی کارکنوں کے طور پر ایک دوسرے کو جاننے کی غرض سے اکٹھے ہونے کے لئے دن یا ہفتے میں کچھ مخصوص وقت مقرر کریں۔ یہ صبح یا دوپہر کی چائے کا وقت ہو سکتا ہے یا بزنس اوے- ڈے کا حصہ ہو سکتا ہے

- سالانہ کاروباری ایکسیلنس ایوارڈز کے ذریعے بہترین طرزعمل کو فروغ دیں، جہاں تنوع سے متعلقہ کاوشوں کو اہمیت دی جائے اور سب کو شامل کرنے والی کام کی جگہوں کی کامیابیوں کو منایا جائے۔

## جڑا ہوا محسوس کرنا

- ان کمیونٹیز کے ساتھ افہام و تفہیم بڑھانے کے لئے مکالموں کے مواقع تلاش کریں اور ان مواقع کو فروغ دیں جن کے خیالات ممکنہ طور پر مختلف ہو سکتے ہیں۔
- نئی مصنوعات اور خدمات کی جانچ کے لئے فوکس گروپس استعمال کریں اور یہ فوکس گروپ مختلف اور ملتی جلتی کمیونٹیز سے تلاش کریں۔

## شرکت کرنا

- ملازمین کے نیٹ ورکس اور یونینوں کے ساتھ مزید روابط کو آسان بنائیں
- یقینی بنائیں کہ تمام کارکنوں کو ان کے حقوق کا علم ہو:

— انڈکشن ہینڈ بکس، داخلی عملے کے لیے فورمز اور انٹرانیٹس ملازمت کے حقوق کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

- ثقافتی، کمیونٹی، تمدنی اور خاندانی تقریبات میں شرکت کے سلسلے میں کارکنوں کے ساتھ تعاون کریں۔
  — دفتر میں ثقافتی، کمیونٹی یا تمدنی مصروفیات کی حوصلہ افزائی کریں یا ان کا جشن منائیں۔ ایسا صبح یا دوپہر کی چائے کی تقریبات کی شکل میں کیا جا سکتا ہے۔
  — عملے کو ترغیب دیں کہ وہ خاندانی تقریبات اور ثقافتی یا کمیونٹی تقریبات میں شرکت کے لئے وقت نکالیں
- کاروباری اداروں میں تارکین وطن کی ملازمتوں کو فروغ دیں - سی وی لکھنے، انٹرویو کی مہارتوں، نیوزی لینڈ میں کام کا تجربہ اور بامعنی روزگار کے بعد رہنمائی کی فراہمی میں مدد دیں
- کاروباری اداروں میں نوجوانوں کی ملازمتوں کو فروغ دیں - سی وی لکھنے، انٹرویو کی مہارتوں، متعلقہ تربیت، ڈرائیور لائسنس حاصل کرنے اور بامعنی روزگار کے بعد رہنمائی کی فراہمی میں مدد دیں
- کاروباری اداروں میں معذور افراد کی ملازمتوں کو فروغ دیں - سی وی لکھنے، انٹرویو کی مہارتوں اور بامعنی روزگار کے بعد رہنمائی کی فراہمی میں مدد دیں
- Chamber Drive جیسا پروگرام تشکیل دیں - جو 5000 افراد کو ان کے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے کسی شخص کو ملازمت ملنے کا امکان سات گنا زیادہ ہوتا ہے
- اپنا کاروبار شروع کرنے کے خواہشمند لوگوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی معاونت کے لئے کاروباری سرپرستی کے پروگرام تشکیل دیں۔
- دیگر کاروباری کمیونٹیوں اور ان کے سوشل میڈیا نیٹ ورکس پر ملازمت کے مواقع کو فروغ دینے کے لئے کاروباری مالکان کے لئے کم لاگت یا بغیر لاگت کے تشہیری پلیٹ فارم فراہم کریں
- کاروباری اداروں کو ایک دوسرے کے ساتھ اور ایک دوسرے کی کمیونٹیوں کے ساتھ تعلقات قائم کرنے اور نیٹ ورک کرنے کے لئے روبرو، آن لائن اور قابل رسائی تقریبات اور سرگرمیوں کی پیشکش کریں۔

Te Korowai Whetū
Social Cohesion